© rasailojaraid.com



## اِسلامی تعلیماتؒ (عقائد و مسائل)

از مولانا قاضی سید عبدالحی چن پیر الہاشمی، فیلو اکیڈمی علوم اسلامیہ۔

ناشر جامعہ اسلامیہ بہاولپور • صفحات ۳۴۴ • قیمت چار روپے

مولانا قاضی چن پیر ساکن حویلیاں کی یہ کتاب درحقیقت اکیڈمی علوم اسلامیہ کوئٹہ (جس کی ترقی یافتہ شکل جامعہ اسلامیہ بہاولپور ہے) کی یادگار ہے۔ اس کتاب میں کوشش کی گئی ہے کہ زندگی کے روزمرّہ مسائل اور عام اسلامی عقائد کو اختلافات سے بچتے ہوئے عام فہم اردو زبان میں واضح طور پر بیان کر دیا جائے۔ اس مختصر اور مفید کتاب کی تالیف لائق تحسین ہے۔

اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ عام فہم زبان میں عقائد، عبادات، معاملات آداب و حقوق، تصوف و احسان اور اخلاق و آداب کے مضامین قرآن پاک اور احادیثِ شریفہ کی روشنی میں اختصار کے ساتھ بیان کر دیئے گئے ہیں۔

یہ کتاب جامعہ اسلامیہ کے زیریں درجات میں نصاب کے کام بھی آسکتی ہے نیز ائمہ مساجد کے لئے ضروری روزمرّہ کے مسائل اور دعاؤں کی تعلیم دینے کے لئے راہنما و گائیڈ بک کا کام بسہولت دے سکتی ہے۔

آج کل جب کہ مذہبی علوم کا فقدان ہے اور شرعی امور میں فتویٰ صادر کرنے کی وَبا عام ہو چکی ہے اسلامی تعلیمات کی اشاعت قابل صد آفرین ہے کہ ایسی کتاب کی اشاعت درحقیقت حکومتِ پاکستان کے مساعی جمیلہ اور دینی و ملّی نصب العین کی تکمیل و ادائیگی میں بے حد ممدّ و معاون ثابت ہوگی۔

"اسلامی تعلیمات" کے نشر و اشاعت پر نہ صرف جامعہ اسلامیہ بالکل محکمۂ اوقاف مغربی پاکستان، اور خود حکومتِ پاکستان مستحق تحسین و تہنیت ہے کہ ان کی توجہ اور اہتمام سے یہ کتاب ظاہری اور معنوی خوبیوں کے ساتھ زیور طبع سے آراستہ ہوئی اور عام مسلمانوں کو اسلامی تعلیمات سے مستند طریقے پر بہرہ ور ہونے کی سعادت حاصل ہوئی۔

کاغذ و طباعت کی عمدگی کے باوجود کتاب کی قیمت نہایت مناسب رکھی گئی ہے۔

© rasailojaraid.com